

सत्यमेव जयते
Manoj Sinha
Lieutenant Governor, J&K
"If patriotism and love for Mother India are feelings beyond words, then Vande Mataram is the song that gives a concrete expression to those feelings."
-Narendra Modi
Prime Minister
A Spiritual & Patriotic Ode to Mother India
VANDE MATARAM
Commemoration of 150 Years of National Song
Be a part of this momentous occasion and upload your rendition of 'Vande Mataram'
vandemataram150.in
Valedictory Function (Phase-I)
Friday, 14th November 2025
MA Stadium, Jammu | 11:15 AM
Department of Information & Public Relations
Jammu & Kashmir
DIPK-8093-25
Dated 13-11-2025
@informationprjk
Information & PR, J&K
@diprjk
@dipr_jk

بیادگارِ مرحوم پیرزادہ محمد یوسف قادری صاحب
روزنامہ آفاق سرینگر
Daily AFAAQ Srinagar
جمعۃ المبارک ۱۴ نومبر ۲۰۲۵ء-۲۲ جمادی الاول ۱۴۴۷ھ

# صحت مند غذا

شکیل شاہد

ہم لوگ کھانے پینے کے بہت شوقین ہیں روزانہ صبح وشام سوچے سمجھے بغیر کچھ نہ کچھ کھاتے پیتے رہتے ہیں، کیا ہم میں سے کسی نے یہ سوچا ہے کہ ہم کیا کھاتے ہیں ہماری اس خوراک میں کیا کیا اجزاء موجود ہیں؟ کیا ہم روزانہ اپنی خوراک میں کاربوہائیڈریٹ ،پروٹین، چربی، وٹامنز اور نمکیات ومعدنیات متعین مقدار میں لیتے ہیں؟ بلاشبہ غذا ایسا مادہ ہے جو ایک انسان کو جسمانی و ذہنی نشو نما اور تندرستی کیلئے غذائیت سے بھرپور توانائی فراہم کرتا ہے جہاں تک ہمارے جسم کا سوال ہے تو اسے صحت مند رکھنے کیلئے مختلف غذاؤں کی اشد ضرورت ہے لیکن عام انسان اس بات سے بے خبر ہے کہ جو غذا ہم روزمرہ استعمال کرتے ہیں اس میں تیزاب ہوتا ہے اور ہم تیزابی غذاؤں کا زیادہ استعمال کرتے ہیں ،انسانی جسم کیلئے چربی، حیاتین اور قلیل مقدار میں مخصوص قسم کی نمکیات لازمی ہیں کسی ایک جز کی کمی سے جسم کے خلیوں پر منفی اثرات پڑتے ہیں لیکن غیر متوازن غذا کے استعمال سے بیماریوں کیلئے راہ ہموار ہوتی ہے، مثلاً ہم گوشت کا استعمال بہت زیادہ کرتے ہیں چونکہ گوشت میں تیزاب ہے اس لئے جسم کا اندرونی ماحول تیزابی ہوجاتا ہے، علم نہ ہونے اور کھانے سے پہلے یہ نہیں سوچتے کہ اس غذا میں کوئی ضرر رساں اجزا تو شامل نہیں؟ ہم اس بات سے قطعی لاعلم ہیں کہ کس غذا میں تیزابیت اور چکناہٹ ہے اور کتنی مقدار میں ہے؟ اکثر وبیشتر بیماری کی حالت میں ڈاکٹرز ہمیں تیل وگھی کے استعمال سے پرہیز کرنے کی ہدایت بھی کرتے ہیں۔

صحت مند رہنے کیلئے نہ صرف مناسب ومتوازن غذا اہمیت کی حامل ہے بلکہ یہ جاننا بھی بے حد ضروری ہے کہ ہم جو غذا کھا رہے ہیں وہ ہماری صحت اور تندرستی کیلئے مفید بھی ہے یا نہیں ،اور اس کلیئے پر تو عمل کرنا سراسر نادانی ہے کہ صرف کھانے پینے سے ہی صحت اچھی رہتی ہے اس کے ساتھ ساتھ یہ جاننا بھی لازمی ہے کہ اس غذا میں شامل اجزاء کتنا نقصان دہ یا مفید ہیں، نہ کہ پیٹ بھر کر کھا پی لیا اور بدہضمی کی صورت میں معدے یا پیٹ کی تکلیف کے باعث ڈاکٹر سے رجوع کرنا پڑا یا ہاضمے کی گولیاں کھالیں، ہاضمے کی گولیوں میں بھی ایسڈ شامل ہوتا ہے جو وقتی طور پر تکلیف سے نجات دلا دیتا ہے لیکن مستقبل میں اسکے اثرات نقصان دہ ہوتے ہیں۔

ہم کوئی بھی غذا صرف پیٹ بھرنے کیلئے ہی کھاتے ہیں ہمیں اس سے کوئی سروکار نہیں ہوتا کہ ہماری غذا میں آیا وہ سب لازمی اجزاء موجود ہیں جو ہمارے جسم کو تندرست و توانا رکھنے میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔ ہمارے نظام ہاضمہ، دل، دماغ، گردوں ،جگر، پھیپھڑوں اور دوران خون پر بے حد مثبت اثرات پڑ سکتے ہیں بشرطیکہ ہم اپنی غذا کو متوازن رکھنے میں کامیاب ہوجائیں، لیکن افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ گزشتہ چند سالوں میں خوراک کے معاملے میں ایسا انقلاب آیا ہے جس سے سب کچھ بدل گیا ہے، ہم مغربی طرز عمل کی طرف رواں دواں ہیں فاسٹ فوڈ نے ہمیں کئی انجانی بیماریوں میں مبتلا کردیا ہے علاوہ ازیں شاید ہی دنیا میں کوئی انسان میٹھی اشیاء کا اتنا رسیا ہوجتنا ہم ہیں اور اسی وجہ سے شوگر، ذیابطس، ہائی بلڈ پریشر، امراض قلب ،موٹاپا اور کئی سرطانی بیماریوں میں مبتلا ہوگئے ہیں۔ تیزابی غذاؤں کا بے دریغ استعمال شادی بیاہ اور تہواروں پر کیا جاتا ہے، گوشت کا حد سے زیادہ استعمال ہوتا ہے، اور کھانے کے بعد میٹھا لازمی قرار دیا جاتا ہے، مصالحے دار، چکناہٹ اور تیزابیت سے بھرپور غذا اور اوپر سے شیریں خوراک، زردہ، سویاں، کھیر اور مٹھائی وغیرہ دونوں صحت کے لئے مضر ہیں کیونکہ تیل یا چربی سے تیار شدہ کھانا دل کے امراض کا باعث بنتا ہے اور میٹھا شوگر پیدا کرتا ہے۔ صحت اور غذا سے متعلق جرمن ماہرین نے تحقیقات کرنے کے بعد چند اجزاء کے بارے میں خاص طور پر محتاط رہنے کی تلقین کی ہے ان کا کہنا ہے کہ روزمرہ کی خوراک میں چند اشیاء کا کثرت سے استعمال کئی بیماریوں کا سبب بن سکتا ہے یا اموات بھی واقع ہوسکتی ہیں۔ مثلاً دودھ کے زیادہ استعمال سے الرجی یا دست لگنے کا خدشہ ہے۔ الکوحل کے استعمال سے جگر کے علاوہ معدے کی نالی، لبلبہ، قلبی نظام، یاداشت اور پٹھوں کو شدید نقصان پہنچتا ہے خاص طور پر حاملہ خواتین کیلئے زچہ و بچہ کی موت کا سبب بھی بن سکتا ہے یا بچے کی جسمانی ساخت پر اثر پڑنے کے خدشات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ تلخ ،کڑوے بادام میں سائنائیڈ ہوتا ہے کڑوے بادام کا تیل انتہائی خطرناک ہے۔

خام انڈے کھانے سے سالمونیا انفیکشن کا خطرہ ہے جس کی علامات ،قے، پیٹ میں درد، دست اور بخار نمایاں ہیں خاص طور پر بچوں اور عمر رسیدہ افراد کے لئے خطرے کا باعث ہیں۔ مچھلی اور دیگر سمندری جانوروں میں سمندری آلودگی کافی مقدار میں پائی جاتی ہے ان کے زیادہ استعمال سے مضبوط اعصاب کے افراد کو بھی متلی، قے، توازن، پٹھوں، سانس لینے میں تکلیف اور پندرہ منٹ کے بعد ہی موت واقع ہوسکتی ہے۔ کسی قسم کا کچا گوشت حاملہ خواتین کے لئے ممنوع ہے اس سے خواتین لیسٹریا میں مبتلا ہوسکتی ہیں اور مہلک جراثیم بچے کو نقصان پہنچا سکتے ہیں کچے گوشت سے خارش اور آنتوں کی سوزش کا بھی خطرہ ہے۔ فرانسیسی فرائز، کوکیز اور کیک میں چربی کی بہت بڑی مقدار پائی جاتی ہے وہ خون میں ایل ڈی ایل کولیسٹرول میں اضافہ کرتے ہیں اور دل کی بیماری کا سبب بنتے ہیں۔ بہت زیادہ کافی کے استعمال سے کانپنا، بے چینی، قے یا دل کی دھڑکن کی خرابی کی شکایت اور پیٹ کے مسائل پیدا ہوتے ہیں۔ سرسوں کے تیل کا کوکنگ میں زیادہ استعمال متلی اور قے کا سبب بن سکتا ہے اور گردوں کو بھی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ شہد شیر خوار بچوں کے لئے ممنوع ہے کیونکہ اس کی تیاری کے دوران جراثیم مکمل طور پر ختم نہیں ہوتے اور زہریلا مواد بچوں کے خون میں سرایت کرتا ہوا آنتوں اور پٹھوں کو مفلوج کرسکتا ہے۔ ڈرائی فروٹ میں سب سے زیادہ الرجی کی محرکات پائی جاتی ہیں جو کم مقدار کے استعمال سے بھی دمے کی بیماری کا سبب بن سکتی ہیں عام طور پر مونگ پھلی الرجی کا باعث بنتی ہے۔ پھل اور سبزیاں اکثر کیڑے مار سپرے اور ادویات پر مشتمل ہوتی ہیں لہٰذا انہیں ہمیشہ اچھی طرح دھونے اور چھیل کر استعمال کیا جائے کالی چائے میں سیلی سیلک ایسڈ کی بہت مقدار ہے الرجی کے شکار کو چائے سے مزید ہوشیار رہنا چاہئے۔ وٹامن کے بارے میں ہر انسان کا خیال ہوتا ہے کہ وہ صحت کے لئے مفید ہیں لیکن بہت سے وٹامن آپ کو بیمار کرسکتے ہیں ،مثلاً وٹامن سی گردے میں پتری کا سبب، وٹامن اے سر میں درد، چکر، غنودگی اور قے کی وجہ بنتا ہے، بہت زیادہ وٹامن ڈی خون میں کیلشیم کی سطح کو بڑھاتا ہے جس کے نتیجے میں متلی، پٹھوں کی کمزوری، جوڑوں کا درد وغیرہ، بہت زیادہ وٹامن کے جگر کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔

دنیا بھر میں انسان کھانے پینے کے ساتھ ساتھ ورزش، سپورٹس، جمناسٹک ،واکنگ اور جاگنگ کرتے ہیں تاکہ اپنے جسم کو فٹ اور تندرست رکھ سکیں اور یہاں لوگ کھانے پینے کے بعد لمبی تان کر سو جاتے ہیں ،اور اسی وجہ سے وہ اپنے جسم کو فٹ نہیں رکھ پاتے اور مختلف بیماریوں میں مبتلا ہوجاتے ہیں ،دنیا کا کوئی انسان اچھی خوراک کے ساتھ ساتھ اگر ورزش بھی کرتا ہے تو دس سے بیس سال زیادہ زندگی پاتا ہے، مغربی ممالک میں ستر اور اسی سالہ بوڑھے افراد سائیکل چلاتے ہیں جبکہ یہاں چالیس پینتالیس سال کی عمر میں لوگ اپنے آپ کو عمر رسیدہ افراد میں شامل کرنا شروع کر دیتے ہیں اس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ تمام عمر صرف کھایا، پیا اور سویا۔۔۔۔

# غور وفکر کرنے کی ضرورت

طارق احمد

دنیا کے اندر ایک بہت بڑا طبقہ خود کو دانش ور، عقل مند، اور عقل کل سمجھنے والا ایسا موجود ہے جس کا امتیازی نشان اسلام کے مسلمہ اصول، متوارثہ مسائل اور حدود شرعیہ پر اپنے عقل خام سے اعتراض ہی نہیں بلکہ انکار تک کر دینا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اپنی عقل (بدعقل) کو میزان مقرر کر کے ہر عقیدہ، مسئلہ وغیرہ کو اس پر تجرباتی طور پر پرکھتے ہیں۔ جب ناقص عقل میں اس کی حکمت وحقیقت سمجھ نہیں آتی تو نتیجہ انکار نکلتا ہے۔ اسی وجہ سے وہی "دانشور" کہلانے والا طبقہ کمیونسٹ جو اپنے حقیقی خالق ومالک اللہ تعالیٰ کے وجود کا انکار کرتے ہیں، تو دوسری طرف وہ لوگ بھی موجود ہیں جو حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کے انکاری ہیں۔

الغرض موت کے علاوہ تمام حقیقتوں کو بے حقیقت اور انکار کرنے والے دنیا میں موجود ہی نہیں بلکہ اپنے آپ کو معاشرتی دنیا میں اچھا گروہ، طبقہ اور مہذب انسان بھی سمجھتے ہیں۔ لیکن اس سے بھی حیران کن بات یہ ہے یہ تمام طبقے توحید ورسالت، وجود ملائکہ وغیرہ کا انکار کرتے ہیں لیکن عقل کا انکار نہیں کرتے بلکہ عقل کے بارے اپنے آپ کو عقل ودانش کے دھنی سمجھتے ہیں۔ اپنی عقل، فہم وفراست کا انکار تو کیا غلط بھی نہیں سمجھتے۔ اس کے برعکس محیر العقول صرف ایک طبقہ ایسا ہے جو توحید ورسالت ،ملائکہ، معاد وغیرہ کا اقرار کر کے "فقہ "یعنی فہم وسمجھ کا انکار کرتا ہے، گویا کہ اس طبقے کا تمام اہل السنۃ سے اختلاف ونزاع کی وجہ عقل وفقہ سے لڑائی ہے۔

اس لیے کہ اس طبقے میں فقہ (سمجھ وعقل) نامی کوئی چیز نہیں الٹا فقہ سے چڑ اور لڑائی ہے۔ اس لیے ان میں بے عقلوں اور بیوقوفوں کی علامات مثلاً ضد، ہٹ دھرمی، کسی بڑے پر عدم اعتماد، خود اجتہادی، فقہاء سے دشمنی، ننگے سر رہنا، کسی مسئلہ میں دلائل کے باوجود تحقیق کے نام پر راہ فرار اختیار کرنا وغیرہ پائی جاتی ہیں، جب کہ فقہ کو قرآن وحدیث کی تشریح یا وسعت ماننا عقل کے عین مطابق ہے۔ وہ اس طرح کہ قرآن، حدیث اور فقہ یہ تین ذاتوں کا کلام ہے۔ "قرآن" کلام خدا، اس کی تشریح "حدیث" کلام مصطفیٰ اور اس کی استخراجی صورت "فقہ" کلام فقہاء ہے اور ان تین کلاموں میں سے پہلے کلام خدا کو پھر کلام مصطفیٰ اور پھر کلام فقہاء کو ماننا یہ ترتیب صحیح اور عقل کا مقتضیٰ ہے کیونکہ اللہ رب العزت نے بذریعہ وحی قرآن میں خوش اسلوبی سے ایسی دقیق اور معجز عبارات کو سورتوں کے مالوں میں آیتوں کے موتیوں کو پرویا کہ جس کی مثل لانے کا پوری کائنات کے جن وانس کو عالمگیر چیلنج کردیا، لیکن تمام کے تمام قرآنی فصاحت وبلاغت کے اعجاز کے سامنے بے بس ولاچار ہونے کے ساتھ ساتھ قرآنی اجمال کی تشریح وتفصیل یا علمی کتاب کی عملی صورت ایک ایسی باعلم وباکمال پیکر حسن اخلاق ذات کا انتظار کرنے لگے جس کا علم وتقویٰ وغیرہ تمام کائنات سے زیادہ ہو ،کیونکہ کلام خدا کے اندر غوطہ خوری اور اس کے دقائق ولطائف سے تفصیل کے پردے اٹھانا ہر آدمی کا کام نہیں بلکہ اس کے لیے تو اعلیٰ علم وفضل کے ساتھ ساتھ جودت ذہن مضبوط استعداد کی حامل ایسی معلم ذات کی ضرورت ہےجس کی تعلیم و تربیت بھی براہ راست اللہ کی طرف سے ہو تو ان اوصاف کی حامل ذات حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات ہے جس کے اندر یہ تمام اوصاف وکمالات بدرجہ اتم ودیعت رکھے گئے ہیں، جس کی وجہ سے اللہ رب العزت نے قرآن کی تشریح اور وضاحت کرنے کا حکم حضور علیہ السلام کو دیتے ہوئے فرمایا:

وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ (النحل (44:) ترجمہ: اور ہم نے آپ کی طرف قرآن نازل کیا تاکہ آپ علیہ السلام خوب کھول کھول کر لوگوں کے لیے بیان کریں جو ان کی طرف تیرے رب کی طرف سے نازل کیا گیا۔ ایک اور ارشاد باری ہوتا ہے:

يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنْزِلَ إِلَيْكَ مِنْ رَبِّكَ (المائدہ (67:) ترجمہ: اے رسول! جو قرآن آپ کی طرف آپ کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا اسے پہنچاؤ۔ تو یہ وضاحت اور پہنچانے کا حکم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس لیے دیا گیا کہ کلام خدا کی فصاحت وبلاغت اجمال واغلاق، اعجاز واختصار کو سمجھنا کسی معمولی آدمی کا کام نہیں بلکہ اس صاحب علم وفضل کا کام ہے جس کی تعلیم وتربیت براہ راست اللہ کی طرف سے ہو جو کلام خدا کی پیچ ودقائق کو سمجھے تو ایسی شخصیت کو "نبی" اور جن الفاظ سے قرآن کی تشریح کرتا ہے، اس کو "حدیث" کہا جاتا ہے۔ چونکہ نبی کا کلام بھی عام آدمی کے کلام کی طرح تو نہیں ہوتا وہ بھی دنیائے کلام میں فصاحت وبلاغت یا وقتی حکمت کے پیش نظر بہت ساری تفصیل وتشریح کو اپنے اندر گوہر صدف کی طرح مدغم کردیتا ہے تو اس کلام سے اجمال کے پردے ہٹا کر تہہ میں چھپے احکام ومسائل کے موتی نکالنا یہ بھی اسی آدمی کا نصیب ہوسکتا ہے جس کی علمی لیاقت، قرآن وحدیث پر مہارت خداداد فقاہت وغیرہ تمام لوگوں میں امتیازی شان رکھتی ہو۔ ایسے آدمی کو "فقیہہ" کہتے ہیں۔

جس کا کام قرآن وحدیث کے خلاف مسائل بنانا نہیں بلکہ قرآن وحدیث سے اصول شرعیہ کی روشنی میں مسائل نکالنا ہوتا ہے اور قرآن وحدیث سے ثابت شدہ مسائل کا نام "فقہ" ہے۔ اس لیے قرآن کے بعد حدیث اور حدیث کے بعد فقہ کا ہونا عقل کا تقاضا ہے کہ قرآن کی وضاحت نبی کرے اور نبی کے کلام میں فصاحت وبلاغت میں چھپے مسائل کے موتیوں کا استخراج فقہاء کرام کریں اور یہ تین کلام (قرآن، حدیث اور فقہ) تین ذاتوں کے علمی مراتب کے اختلاف کا حسین گلدستہ ہیں نہ کہ ایک دوسرے کے متضاد، لیکن یہ بات صرف عقل والے سمجھ سکتے ہیں کیونکہ یہ عبرت ہے عقل والوں کے لیے۔ اللہ رب العزت نعمت عقل کی قدر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

# (اقوال زریں)

کسی کو اچھے عمل سے دلی خوشی دینا ہزار سجدے سے بہتر ہے (شیخ سعدیؒ)

# بچوں کی تعلیم وتربیت اولین فریضہ

دنیا کی سبھی قوموں کا قیمتی سرمایہ "بچے" ہوا کرتے ہیں۔ اگر اس وقت وہ گود کا کھلونا ہیں تو آگے چل کر وہی مستقبل کے معمار بنیں گے۔ ماں کی گود بچے کی درسگاہ اول ہے۔ اسی عظیم درسگاہ سے وہ اخلاق حسنہ، اطاعت وفرمانبرداری اور دنیا میں زندگی گزارنے کے سلیقے، ڈھنگ اور طور طریقے لے کر معاشرے کا حصہ بنتا ہے۔ بچوں کو کامیاب اور اچھا انسان بنانے کے حوالے سے ہم اپنے بڑے بوڑھوں سے یہ مشہور ضرب المثل سنتے آئے ہیں کہ "دو سونے کا نوالہ اور دیکھ شیر کی نگاہ سے" لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ سائنس اور کمپیوٹر ٹیکنالوجی کے اس جدید دور میں کیا یہ قدیم محاورے آج بھی ویسے ہی پر اثر اور سچے ہیں جیسے صدیوں سے سمجھے جاتے رہے ہیں؟ کیا بچوں میں ہماری اقدار، روایات اور قواعد وضوابط کی پابندی زیادہ نمایاں نظر آنی چاہیے؟ یا پھر کمپیوٹر اور دیگر شعبہ جات زندگی میں مہارت ہمارے بچوں کی امتیازی خصوصیات ہونی چاہئیں؟ حقیقت یہ ہے کہ اس بارے میں شاید ہمارے اپنے ذہنوں میں کوئی واضح خانہ نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم اپنے بچوں کو غیر واضح، غیر متوازن اور بے مقصد مستقبل کی طرف دھکیل رہے ہیں۔ آج کے جدید باپ کی عام تصویر یہ ہے کہ اس کے پاس ایک اچھی اور مضبوط ملازمت ہے۔ وہ اپنے خاندان کو زیادہ سے زیادہ مالی طور پر آسودہ حال دیکھنا چاہتا ہے اور اس نے دن رات ایک کر رکھا ہے لیکن بچوں کیلئے اس کے پاس وقت نہیں ہے جبکہ ملازمت پیشہ ماں کا یہ حال ہے کہ وہ چاہتی ہے کہ اس کے بچوں کو جدید دور کی تمام سہولتیں حاصل ہوں۔

ہمیں اس بات پر غور کرنا پڑے گا کہ اس روش سے کہیں ہم اپنے بچوں کو زندگی کے اصل مقصد سے دور تو نہیں لے جا رہے؟ اور کیا اس طریق کار سے بچوں کی بہتر شخصیت سازی ہونا اور انہیں ایک اچھا انسان بنانا ممکن ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ موجودہ وقت اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ جس قدر ہو سکے والدین نہ صرف بچوں کو اپنا وقت دیں بلکہ ان کی رہنمائی میں ہر طرح سے ان کی مدد کریں تاکہ ان کی شعوری اور فکری صلاحیتیں زیادہ نکھر کر سامنے آسکیں۔ بچوں کی ایک معروف سائیکاٹرسٹ کا کہنا ہے کہ "مادی خوشیوں کی اس چوہا دوڑ میں والدین کی اکثریت ذہنی اور جسمانی طور پر اس قدر مصروف رہتی ہے کہ وہی بچے ان کی توجہ سے محروم رہتے ہیں جن کیلئے وہ ساری محنت اور جدوجہد کر رہے ہوتے ہیں۔ ان کے پاس اتنا وقت ہی نہیں بچتا کہ وہ اپنے بچوں کی مصروفیات، مسائل اور دلچسپیوں اور مشاغل وغیرہ کے بارے میں جان سکیں۔ چنانچہ لازمی طور پر بچے نہ صرف اچھائی اور برائی کے تصور سے آگہی حاصل نہیں کر پاتے بلکہ کامیاب شخصیت کی تعمیر کیلئے دیگر کئی بنیادی اور انتہائی ضروری چیزوں سے بھی ناواقف رہتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ اگر کوئی ماں اپنے بچے کو صحت کے بنیادی اصول، معاشرتی ادب وآداب، لحاظ ومروت، بڑوں کی عزت وتکریم، چھوٹوں سے محبت جیسی بنیادی باتیں نہیں سکھاتی تو اس کا بچہ کبھی بھی ایک اچھا انسان نہیں بن سکتا۔ ایسا بچہ جسے اس کے ماں باپ نے یہ ساری باتیں سکھائی ہوں وہ اختلافی معاملات میں بڑوں سے ناراضگی اور چڑچڑے پن کا مظاہرہ تو کرسکتا ہے لیکن وہ گستاخی کی حد تک نہیں اترتا۔ ایک عام گلی کے بچے اور شرفاء کے بچوں میں یہی اصل فرق ہوتا ہے یہی وہ اہم نکتہ ہے جسے والدین کو اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہیے۔ بہت چھوٹی عمر ہی سے بچوں کو ان کے کیریئر کے بارے میں اعتماد میں لیں انہیں بتایئے کہ اگر کوئی ڈاکٹر، انجینئر، جج، پروفیسر وغیرہ بننا چاہتا ہے تو اسے قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ بچوں کے معاملے میں اس طرح فیصلے کیا کریں کہ بچوں کو فیصلے میں شرکت کے ساتھ اپنے بااختیار ہونے کا بھی احساس ہو۔ وہ چاہتے ہیں کہ ان سے بھی بڑوں جیسا سلوک اور رویہ اختیار کیا جائے۔ آپ کا کمال یہ ہے کہ ان سے متعلق کوئی بھی فیصلہ کرتے وقت آپ انہیں محسوس نہ ہونے دیں کہ کوئی فیصلہ ان پر مسلط کیا جارہا ہے ورنہ بچوں میں غصہ، ناراضگی، اور اعتماد کی کمی جیسی چیزیں پیدا ہونے لگتی ہیں جو بہت زیادہ بڑھ جائیں تو بچوں میں کئی نفسیاتی پیچیدگیوں کا باعث بن سکتی ہیں۔ والدین کا کام ہے کہ بچوں کی سرگرمیوں پر ہمیشہ نظر رکھیں اور اگر ان میں کوئی ایسی منفی سرگرمی کو پروان چڑھتا دیکھیں تو فوراً اس کی روک تھام کریں۔ بچوں کی تربیت اس نہج پر ہونی چاہیے کہ ان کی دلچسپیوں کا محور تعمیری اور مثبت سرگرمیاں ہوں یہ بات والدین کے ذہن میں رہنی چاہیے کہ "شیر خوار بچے کے مقابلے میں چھ سات برس کے بچے پر کہیں زیادہ توجہ دینے اور نظر رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ اس عمر کا بچہ سوچنے اور محسوس کرنے کی واضح صلاحیت رکھتا ہے۔"

